45766 ـ کیا کسی دوسرے کی طرف سے حج کرنے والے کو بھی حج کی فضیلت اور اجروثواب حاصل ہو گا؟

سوال

جب کوئی شخص کسی دوسرے کی جانب سے حج کرے تو کیا وہ بھی مندرجہ ذیل فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں شامل ہو گا:
" جس نے حج کیا اور بیوی سے جماع اور بے ہودہ گوئی نہ كي ا ور فسق و فجور نہ کیا تو وہ ایسے پلٹتا ہے جیسے آج ہی اس کی ماں نے اسے جنم دیا ہے" ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کا جواب اس سوال پر موقوف ہے:

کیا اس شخص نے اپنا حج کیا ہے یا کسی دوسرے شخص کا ؟

اس کا جواب یہ ہے:

اس نے تو کسی دوسرے شخص کا حج کیا ہے، اور اپنی جانب سے نہیں لہذا اسے وہ اجروثواب نہیں ملے گا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں فرمایا ہے، کیونکہ اس نے کسی دوسرے کی جانب سے حج کیا ہے لیکن ان شاء اللہ اگر اس کا مقصد اپنے بھائی کو نفع پہنچانے اور اس کی حاجت و ضرورت پوری کرنا ہے تو اللہ تعالی اسے ثواب سے نوازے گا.انتہی .